سوال

(342) عشر ادا کرنے سے پہلے ٹیوب ویل کا خرچہ نکالنا چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ٹیوب ویل سے ۸۰ روپے گھنٹہ کے حساب سے کرائے پر پانی خریدا جاتا ہے۔ کیا یہ خرچہ بھی عشر کی ادائیگی سے قبل منہا کیا جاسکتا ہے؟ (محمد ہاشم شاہ قریشی۔ جیل روڈ۔ لاہور) (یکم ستمبر ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ٹیوب ویل کا خرچہ نہیں نکالا جائے گا بلکہ عشر کی بجائے نصف العشر یعنی بیسواں حصہ ادا کیا جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:298

محدث فتویٰ